## سوال

(828) کیا رواتب افضل ہیں یا تعلیم حاصل کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رواتب افضل ہیں یا تعلیم حاصل کرنا ۔ جبکہ یہاں ظہر کی نماز کے لیے چھٹی اس وقت ہوتی جب جماعت کھڑی ہونے میں پانچ یا سات منٹ باقی ہوتے ہیں حد دس منٹ اگر وضوء پہلے نہ کیا ہوا ہو تو رواتب ایک رکعت بھی ادا نہیں کر سکتا ایک استاد صاحب سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ اختلاف ہے علماء کا کہ رواتب ضروری ہیں یا تعلیم ؟

اقبال صدیق مدینہ منورہ

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دونوں کو عمل میں لانا افضل ہے رواتب تعلیم کی وجہ سے فرض نماز سے پہلے نہیں پڑھ سکتا تو فرض نماز کے بعد پڑھ لے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کے بعد والی دو رکعت کو بوجہ مشغولیت ومکالمہ عصر کے بعد پڑھ لیا تھا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد01 ص555**

محدث فتویٰ